**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 06 November 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۶ نومبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ ریاست بھر میں اسمبلی انتخاب کی تشہیری مہم کا آغاز

☆ شیوسینا کے سربراہ ایکناتھ شندے نے عوام سے کیے 10 وعدے

☆ ریاستی ڈائریکٹر جنرل آف پولس عہدے پر سنجئے ورما کا تقرر

☆ پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس 25 نومبر سے

☆ ریاستی اسمبلی انتخاب کی تیاریاں آخری مراحل میں ‘ ایک لاکھ 186 مرکز پر کی جائے گی ووٹنگ

اور

☆ مرکزی چُناؤ کمیشن کے اعلیٰ افسران آج چھترپتی سنبھاجی نگر میں لیں گے چُناوی تیاریوں کا جائزہ

اب خبریں تفصیل سے...

ریاستی اسمبلی انتخاب کی تشہیری مہم کا آغاز ہو چکا ہے۔ کل سے تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور امیدواروں نے تشہیری سرگرمیاں شروع کردی ہیں۔ خیال رہے کہ یہ تشہیری مہم آئندہ 14 دنوں تک جاری رہے گی۔ اِسی سلسلے میں شیوسینا کے سربراہ ایکناتھ شندے ‘ بی جے پی کے رہنما دیویندر پھڑنویس اور راشٹروادی کانگریس پارٹی کے سربراہ اجیت پوار کی موجودگی میں کل کولہا پور میں عظیم اتحاد کی تشہیر کا آغاز کیا گیا۔ اِس موقعے پر جناب شندے نے عوام سے 10 وعدے کیے۔ ان میں لاڈلی بہنوں کو 2100 روپئے ‘ کاشتکاروں کو قرض معافی ‘ بجلی بلوں میں 30 فیصد کی تخفیف اور 100 دنوں میں ویژن مہاراشٹر 2029ء پیش کرنے سمیت دیگر وعدے شامل ہیں۔ بھارتیہ ریپبلکن پارٹی کے سربراہ رام داس آٹھولے بھی جلسے میں موجود تھے۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدھو باڑا صاحیب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھوٹھاکرے نے بھی کل کولہاپور میں تشہیری مہم کا آغاز کیا۔ اِس کے بعد انھوں نے رتناگیری میں جلسے عام سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار نے کل بارامتی کے شِرسوپھڑ گاوں میں پارٹی کے امیدوار یوگیندر پوار کے تشہیری جلسے میں خطاب کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ آئندہ راجیہ سبھا میں جانا ہے یا نہیں اِس پر غور کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ سیاست صرف انتخابات اور اقتدار کے لیے نہیں ہے بلکہ عوام کی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے بھی ہے۔ اِس موقعے پر جناب شرد پوار نے حلقے میں کیے گئے ترقیاتی کاموں کا جائزہ بھی پیش کیا۔

***** ***** *****

اورنگ آباد مشرق حلقہ انتخاب سے مہا وکاس آگھاڑی کے امیدوار راجو شندے نے ساتارا میں تشہیری مہم کا آغاز کیا۔ اِسی طرح مجلس اتحاد المسلمین MIM کے رکن اسمبلی اکبرالدین اویسی نے شہر میں جلسے عام سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے امیدواروں کی تشہیر کا آغاز کیا۔ اورنگ آباد وسط سے عظیم اتحاد کے امیدوار پردیپ جیسوال نے پیدل ریلی نکال کر شہریان سے تبادلہ خیال کیا۔

***** ***** *****

ونچت بہوجن آگھاڑی کے سربراہ پرکاش امبیڈکر نے کل پونا میں جیوتی باشاہو ' بابا صاحیب کے خیالات سے متاثرہ جوشابا سمتا پتر نامی منشور جاری کیا۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی انتخاب کے لیے کانگریس پارٹی کا منشور آج جاری کیا جائے گا۔ لوک سبھا میں حزب مخالف کے قائد راہل گاندھی اور پارٹی کے قومی صدر ملکارجن کھرگے کے ہاتھوں آج ممبئی کی واندرہ کُرلا کامپلیکس میں یہ منشور جاری کیا جائے گی۔ اِس کے بعد وہ مہاوِکاس آگھاڑی کے جلسے میں خطاب کریں گے۔ اِس جلسے میں بزرگ سیاست داں شرد پوار ' اُدھوٹھاکرے ' کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے سمیت مہاوِکاس آگھاڑی کے دیگر قائدین بھی موجود رہیں گے۔

اِس سے قبل راہل گاندھی آج دوپہر ناگپور میں '' آئین کا احترام '' نامی جلسے میں شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی انتخاب کے پیشِ نظر وزیر اعظم نریندر مودی آئندہ 8/تاریخ سے 14/تاریخ کے دوران ریاست بھر میں 11/جلسوں سے خطاب کریں گے۔ 8/تاریخ کو وہ دھولیہ اور ناسک میں ' 9/تاریخ کو اکولا اور ناندیڑ میں 12/تاریخ کو چندر پور ' چمور اور پونا میں جبکہ 14/تاریخ کو چھتر پتی سنبھاجی نگر ' نوی ممبئی اور ممبئی میں جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نو نِرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے آج لاتور ضلعے کے رینا پور میں لاتور دیہی اسمبلی حلقہ انتخاب سے منسے کے امیدوار سنتوش ناگر گوجے کے تشہیری جلسے میں اظہار خیال کریں گے۔

***** ***** *****

ریاست کے ڈائریکٹر جنرل آف پولس عہدے پر سنجئے ورما کا تقرر کیا گیا ہے۔ وہ 1990ء دستے کے بھارتیہ پولس سروِس کے آفیسر ہیں۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھتر پتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس آئندہ 25/تاریخ سے شروع ہوگا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجی جو نے کل سوشل میڈیا پر یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ یہ اجلاس 20/دسمبر تک جاری رہے گی۔ اِس دوران 26/نومبر کے روز آئین کی منظوری کی 75/ویں سالگرہ منائی جائے گی۔ جناب ریجی جو نے بتایا کہ یہ تقریب دستور ساز اسمبلی کے مرکزی دفتر میں منعقد کی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاستی چیف الیکشن آفیسر ایس چوک لنگم نے بتایا کہ ریاستی اسمبلی انتخاب کی تیاریاں آخری مراحل میں ہیں۔ وہ کل ممبئی میں چُناوی تیاریوں سے متعلق تفصیلات پیش کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ریاست بھر میں رائے دہندگان کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے پولنگ مراکز کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ پولنگ کے لیے ایک لاکھ 186/مراکز تیار کیے گئے ہیں۔ اِن میں شہری علاقوں میں 42/ہزار 604/ رائے دہی مراکز اور دیہی علاقوں میں 57/ہزار 582/رائے دہی مراکز قائم کیے جائیں گے۔

جناب ایس چوک لنگم نے مزید بتایا کہ ریاست میں ضابطہ اخلاق کے نفاذ سے اب تک 46/ہزار 630/افراد پر احتیاطی کارروائی کی جا چکی ہے۔انھوں نے بتایا کہ اِس دوران ریاست بھر سے 252/کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کی ممنوعہ اشیاء بھی ضبط کی گئی ہیں۔

اِس موقعے پر اپنی مخاطبت میں جناب ایس چوک لنگم نے رائے دہندگان سے آئندہ 20/تاریخ کے روز ضرور ووٹ دینے کی اپیل بھی کی۔

***** ***** *****

سامعین ، اسمبلی انتخاب کے خصوص میں آکاشوانی کی جانب سے ہر شام 7/بج کر 10/منٹ پر نشر کیے جا رہے پروگرام ’’ آڈھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھا چا ‘‘ میں آج ایوت محل ضلعے کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

مرکزی چناؤ کمیشن کے 5/اعلیٰ افسران آج چھترپتی سنبھاجی نگر میں انتخابی تیاریوں کا جائزہ لیں گے۔ یہ جائزہ میٹنگ شہر کے اسمارٹ سٹی دفتر میں منعقد کی جائے گی۔ اِس موقعے پر چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع سمیت ناگپور اور امراوتی حلقے کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ضلع چناؤ افسر دیویندر کٹکے نے کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں صحافیوں کو یہ معلومات دی۔

***** ***** *****

رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے پربھنی ضلع کلکٹر دفتر اور سب ڈویژنل دفتر کی جانب سے چناؤ افسران و ملازمین کی گاڑیوں پر ’’ میں رائے دہی کروں گا ‘‘ کے اسٹیکر چسپاں کیے گئے ہیں۔ اِسی طرح گاڑیوں پر لاؤڈ اسپیکر لگا کر ووٹ دینے کی اپیل بھی کی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے بتایا کہ دھاراشیو-تلجاپور ریلوے راستے میں 7/کلومیٹر راستے کا بنیادی تعمیری کام مکمل ہو چکا ہے۔انھوں نے کہا کہ اگر کام اِسی رفتار سے جاری رہا تو یہ ریلوے راستہ مقررہ مدت سے 24/مہینے پہلے ہی مکمل طور پر تعمیر ہو جائے گا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے میں سال 24 - 2023ء کے موسم خریف کی پیسے واری یعنی مالی منصوبہ بندی ظاہر کر دی گئی ہے۔ اِس کے مطابق ضلعے کے 971/ دیہاتوں میں سے 462/دیہاتوں میں 50/ پیسے سے کم اور 509/دیہاتوں میں 50/ پیسے سے زیادہ پیسے واری کا اعلان کیا گیا ہے۔ ضلع انتظامیہ کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ پرتور تعلقے کا رانی واہے گاؤں پوری طرح نمن دودھنا پروجیکٹ میں سما جانے کی وجہ سے اُس گاؤں کی پیسے واری ظاہر نہیں کی گئ۔

***** ***** *****

ضلع پریشد کی سجاوٹ پروگرام کے تحت کل پربھنی ضلع پریشد کی خصوصی کا گذار افسر نتیشا ماتھُر نے ضلع پریشد دفتر میں شجر کاری کی۔ یہ پروگرام شعبہ زراعت کی معرفت سے چلایا جارہا ہے۔اِس موقعے پر کرنج' گل موہر'اشوک ' جامن اور کدم جیسے مختلف اقسام کے پودے لگائے گئے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک بار پھر ...**

- ☆ **ریاست بھر میں اسمبلی انتخاب کی تشہیری مہم کا آغاز**
- ☆ **شیوسینا کے سربراہ ایکناتھ شندے نے عوام سے کیے 10/وعدے**
- ☆ **ریاستی ڈائریکٹر جنرل آف پولس عہدے پر سنجئے ورما کا تقرر**
- ☆ **پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس 25/نومبر سے**
- ☆ **ریاستی اسمبلی انتخاب کی تیاریاں آخری مراحل میں ' ایک لاکھ 186/مرکز پر کی جائے گی ووٹنگ**

**اور**

- ☆ **مرکزی چُناؤ کمیشن کے اعلیٰ افسران آج چھترپتی سنبھاجی نگر میں لیں گے چُناوی تیاریوں کا جائزہ**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆